سوال

(75) میت کا جنازہ مسجد میں یا قبرستان میں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کا جنازہ مسجد میں ادا کیا جائے یا قبرستان میں، ان دونوں میں جو افضل ہو وہ تحریر کر دیں اور ساتھ ہی نبی پاک ﷺ کا عمل بھی اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل بھی۔ (محمد نصر اللہ گوندلانوالہ، تحصیل و ضلع گوجرانوالہ) (۶ نومبر ۱۹۹۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد میں جنازہ پڑھنا جائز ہے۔ جس طرح کہ احادیث میں مصرح ہے لیکن عام معمول چونکہ نبی ﷺ کا جنازگاہ میں جنازہ پڑھنا تھا۔ لہٰذا افضل یہ ہے کہ باہر پڑھا جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد : 3، کتاب الجنائز : صفحہ : 132

محدث فتویٰ